# ۱۸۔ پیارا بھارت

پیارا بھارت دیس ہمارا ۔۔۔ سارے جگ کی آنکھ کا تارا
دنیا کی ہر نعمت اِس میں ۔۔۔ دولت اِس میں، راحت اِس میں
ٹھنڈی ٹھنڈی اِس کی ہوائیں ۔۔۔ آزادی کے گیت سنائیں
گہرے ساگر نیلے نیلے ۔۔۔ سرسر کرتے کھیت سجیلے
اِس کی ندیاں ، اِس کے پَربت ۔۔۔ جن سے ہمارے دیس کی عظمت
بولیں اپنی اپنی بولی ۔۔۔ مل کر کھیلیں آنکھ مِچولی
دِل میں یہی ہے اپنے ارماں ۔۔۔ اِس پر جان کریں ہم قُرباں
پیارا بھارت دیس ہمارا
دِل سے ہے ہم سب کو پیارا

(ماخوذ)



## مشقی سرگرمیاں

❁ دیکھو، پڑھو، لکھو۔

نعمت (نِع-مَت) ........................

سجیلے (سَ-جی-لے) ........................

عظمت (عَظ-مَت) ........................

❁ **ایک جملے میں جواب لکھو۔**

۱) جگ کی آنکھ کا تارا کسے کہا گیا ہے؟

۲) ہمارے دیس کی ٹھنڈی ہوائیں کیا سناتی ہیں؟

۳) ہمارے دیس کے کھیت کیسے ہیں؟

۴) دیس کی عظمت کس سے ہے؟

۵) اپنے دل میں کیا ارمان ہے؟

❁ **جوڑ کر لکھو جیسے : د ن ی ا = دنیا**

۱) بھ ا ر ت　　　۲) ن ع م ت

۳) ن ی ل ے　　　۴) س ج ی ل ے

۵) ع ظ م ت　　　۶) ق ر ب ا ن

❁ **جوڑیاں لگاؤ۔**

| | |
|---|---|
| ساگر | ٹھنڈی ٹھنڈی |
| کھیت | آنکھ مچولی |
| ہوائیں | سجیلے |
| کھلیں | نیلے نیلے |

❁ **آنکھ پر پٹی باندھ کر کھیلے جانے والے کھیل کو 'آنکھ مچولی' کہتے ہیں۔ تم اپنے دوستوں/سہیلیوں کے ساتھ کون کون سے کھیل کھیلتے ہو؟ دو دو نام پر ✓ نشان لگاؤ۔**

| لڑکوں کے کھیل | لڑکیوں کے کھیل |
|---|---|
| گِلّی ڈنڈا | گُڈے گُڑیا کا کھیل |
| پتنگ اُڑانا | لنگڑی |
| کنچے کھیلنا | لگوری |
| لٹّو گُھمانا | گھروندے بنانا |

BA1PRE

دی ہوئی تصویروں کو دیکھو اور استاد کی مدد سے ہر تصویر کے بارے میں دو دو جملے لکھو۔

| | |
|---|---|
|  | (۱) ........................................<br>(۲) ........................................ |
|  | (۱) ........................................<br>(۲) ........................................ |
|  | (۱) ........................................<br>(۲) ........................................ |
|  | (۱) ........................................<br>(۲) ........................................ |
|  | (۱) ........................................<br>(۲) ........................................ |
|  | (۱) ........................................<br>(۲) ........................................ |
|  | (۱) ........................................<br>(۲) ........................................ |

❁ تصویر کی جگہ لفظ بول کر کہانی مکمل کرو۔

امی نے  سے پھل خریدے۔ انھیں  میں رکھا۔ اسی وقت
 پر رکھے ہوئے  آپس میں لڑنے لگے۔  نے کہا،
”میں تمھارا  ہوں۔ تمھیں میرا کہنا ماننا پڑے گا۔“ اتنے میں  نے کہا، ”میں
بڑا ہوں، میں ہی بادشاہ ہوں۔“  نے چڑ کر کہا، ”نہیں نہیں، میں ہوں تمھارا بادشاہ۔ میرا لال
لال رنگ تو دیکھو۔“  نے کہا، ”نہیں، میں ہوں بادشاہ کیونکہ میں بہت زیادہ کھایا جاتا ہوں۔“
 نے کہا، ”میری سنو۔ تمام میٹھے پھلوں میں میرا ہی مزہ کھٹا میٹھا ہے۔ اس لیے میں ہی تمھارا
بادشاہ ہوں۔“  اور  لڑائی ختم کرنے کی کوشش کرنے لگے لیکن کوئی کسی کی سننے کے لیے
تیار نہیں تھا۔ تبھی امی واپس آئیں۔ انھوں نے سب کو ملا کر  بنایا اور گھر کے تمام لوگوں
نے مزے لے لے کر کھایا۔

صفحہ ۶۱ کی پہیلیوں کے جواب:

ٹوپی، مور، آسمان، چاند، سوئی دھاگا، انڈا، گھڑی کی سوئیاں، ریل گاڑی، تالا۔